الغرض مقالات کا یہ مجموعہ وقت کی شدید ضرورت ہے۔ یہ کتاب ''خیرُ الکلامِ ما قَلَّ ودَلَّ'' کے مصداق اپنے موضوع پر دریا کو کوزے میں بند کرنے کی کوشش ہے۔ یہ کتاب ہر مسلمان کے پڑھنے کی ہے۔ ہر مسلمان خاتون اور مرد اِسے خریدے اور پڑھے' بلکہ دوسرے پڑھے لکھے مسلمانوں تک پہنچائے۔

کتاب میں کمپوزنگ کی کچھ اغلاط ہیں جن کی اصلاح ضروری ہے۔

## (۲)

نام کتاب : سامانِ سفر (افادات سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ)

مرتبہ : یاسمین حمید

ضخامت: 304 صفحات ...... قیمت : 80 روپے

یہ کتاب دعوت دین کی فکری وعملی راہنمائی سے متعلق مولانا مودودیؒ کی منتخب تحریروں کے اقتباسات پر مشتمل ہے۔ مولانا مودودی عصر حاضر کی نابغہ شخصیت تھے۔ آپ پہلے مترجم ہیں جنہوں نے قرآن حکیم کا ترجمہ ترجمانی کے انداز میں کیا تاکہ عام مسلمان قرآنی تعلیمات کو آسانی کے ساتھ جان سکیں۔ آپ نے قرآن مجید کی تشریح اور توضیح اس انداز میں کی کہ یہ واقعی ضابطۂ حیات ہے۔ اور ہم لوگ نہ صرف اس کو سمجھ کر پڑھیں بلکہ اس کی تعلیمات پر عمل بھی کریں اور اس حیات افزا پیغام کو دوسروں تک بھی پہنچائیں اور پھر غلبۂ اسلام کے مشن پر نکل کھڑے ہوں۔

مولانا نے دعوت دین کا کام شروع کیا۔ آپ اعلیٰ درجہ کے خطیب اور صاحب طرز ادیب تھے۔ پھر آپ کی دعوت قرآن وسنت کی مضبوط اور راسخ بنیادوں پر قائم تھی اس لئے لوگ متاثر ہوئے اور آپ کو اعوان وانصار ملنے شروع ہو گئے۔ چنانچہ آپ نے تحریک اسلامی کی بنیاد ڈالی۔

اس کتاب میں مولانا کی اس جدوجہد کے طریق کار کی مکمل وضاحت ملتی ہے کہ کس طرح انہوں نے دعوت دین کا آغاز کیا' لوگوں کو educate کرنے کی کوشش کی' لائحہ عمل تیار کیا' دعوت کا کام کرنے والوں کی تربیت کا اہتمام کیا اور پھر جماعت اسلامی کی بنیاد ڈالی اور جماعت کو اعلیٰ درجے کے نظم پر استوار کیا۔ ارکان جماعت پر لائحہ عمل واضح کیا اور سب سے پہلے انہیں اپنی زندگی اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کی تلقین کی جس میں رزقِ حلال اور